Asylum Support Partnership
help and advice

refugee action | North of England Refugee Service | Refugee Council | scottish refugee council | Welsh Refugee Council Cyngor Ffoaduriaid Cymru

March 2012 URDU

پناہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دینا

جب آپ یونائیٹڈ کنگڈم (برطانیہ) میں پناہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دیتے ہیں تو آپ ہوم آفس سے یہ کہتے ہیں کہ آپ کو ریفیو جی (مہاجر) کے طور پر تسلیم کیا جائے۔ریفیوجی کی اصطلاح ، بین الاقوامی قانون جس کو 1951ء یونائیٹڈ نیشنز کنونشن کہا جاتا ہے ، سے لی گئی ہے اور اس کا تعلق مہاجرین کی حیثیت سے ہے۔ یہ فیصلہ برطانوی حکومت کرے گی کہ آیا ایک ریفیوجی (مہاجر) کی حیثیت سے آپ تحفظ حاصل کرنے کے اہل ہیں یا نہیں۔ ریفیوجی کی حیثیت کا اہل ہونے کے لیے یہ ضروری ہے کہ برطانوی حکومت یہ خیال کرے کہ آپ اپنے ملک میں اپنی نسل، مذہب، قومیت، کسی خاص سماجی گروپ کی رکنیت یا سیاسی نظریات کی بنیاد پر ظلم و ستم کا نشانہ بننے کے خوف کی وجہ رکھتے ہیں۔

بصورت دیگر آپ کے پاس انسانی بنیادوں پر یا کوئی ایسی دیگر قوی وجوہات ہو سکتی ہیں جن سے واضح ہو کہ آپ کو کس وجہ سے برطانیہمیں رہنے کی ضرورت ہے اور اگر آپ کو اس ملک میں رہنے کی اجازت دینے سے انکار کیا جاتا ہے تو اس سے انسانی حقوق کے یورپین کنوینشن (European Convention on Human Rights) کے تحت آپ کے انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔ آپ کے قانونی نمائندے کو یہ بتانے کے قابل ہونا چاہئے کہ آیا اس قانون کا آپ پر اطلاق ہوتا ہے یا نہیں۔ پناہ حاصل کرنے اور انسانی حقوق کے قوانین پیچیدہ ہیں۔ یہ بات بہت اہم ہے کہ آپ کسی سے اچھا قانونی مشورہ اور نمائندگی حاصل کریں۔قانونی مشورے اور نمائندگی کے متعلق مزید معلومات کے لیے اس لیفلیٹ کا صفحہ نمبر 5 دیکھیں۔ اگر آپ پناہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دیتے ہیں تو ہوم آفس آپ کا ذکر پناہ تلاش کرنے والے کے طور پر کرے گا۔ اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور اپنے طور پر اکیلے پناہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو عام طور پر آپ کا رابطہ سوشل سروسز (social services) یا کسی ریفیوجی ایجنسی کے ساتھ قائم کروایا جائے گا۔

پناہ حاصل کرنے کے لیے دی جانے والی درخواستوں کو کون نمٹاتا ہے؟

برطانیہ میں ہوم آفس (Home Office) میں قائم یو کے بارڈر ایجنسی (UKBA) حکومت کا ایک ایسا ادارہ ہے جو پناہ حاصل کرنے کی درخواست دینے والے افراد کے انٹرویوز کرنے اور ان کی درخواستوں کا جائزہ لینے کا ذمہ دار ہے۔

مجھے پناہ حاصل کرنے کے لیے کس طرح درخواست دینی چاہئے؟

جیسے ہی آپ برطانیہ میں داخل ہوں یہ بہت ضروری ہے کہ آپ پناہ کی درخواست دیں اور جلد از جلد قانونی مشورہ حاصل کریں

آپ:

- ملک میں داخلے کے مقام پر اپنی آمد پر امیگریشن آفیسر کو پناہ حاصل کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں مثلاً ایئر پورٹ یا بندر گاہ پر۔
- آپ برطانیہ میں داخلے کے بعد Croydon میں یوکے بارڈر ایجنسی کے دفتر میں پناہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہو سکتا ہے کہ آپ ملک میں غیر قانونییا قانونی طور پر بطورطالب علم، وزیٹر یا کاروباری ویزے پر آئے ہوں۔ کرائیڈن اسائلم اسکریننگ یونٹ (Asylum Screening Unit) اس جگہ پر واقع ہے:**LunarHouse, 40WellesleyRoad, CroydonCR92BY**
- بہت ہی غیر متوقع حالات میں یہ ممکن ہوسکتا ہے کہ آپ کی پناہ سے متعلقہ درخواست لوکل انفورسمنٹ آفس (Local Enforcement Office) یا ڈاک کے ذریعے ریکارڈکی جائے یا اس کا جائزہ لیا جائے۔یہ ایسے بچوں کے لئے ہوسکتا ہے جو بالکل اکیلے ہوں یا وہ جن کا کرائڈن تک سفر کرنامتوقع نہ ہو۔مقامی ریفیوجی ایجنسی سے رابطہ کر کے معلوم کریں کہ آیا کہ یہ آپ پہ لاگو ہوتا ہے یا نہیں۔

اگر آپ پناہ کی درخواستسکریننگ یونٹ (Asylum Screening Unit) میں دینا چاہتے ہیں تو**020 8196 4524** پر کال کر کے ملاقات کا وقت حاصل کریں۔ بغیر ملاقات کا وقت طے کئے اس بات کی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ UKBA آپ سے اسی دن ملاقات کرے گی۔

Asylum Support Partnership is a partnership project hosted by the British Refugee Council
British Refugee Council, (commonly called the Refugee Council) is a company limited by guarantee registered in England and Wales, [No 2727514] and a registered charity, [No 1014576].

OISC No: N200100132 | Community Legal Service

اگر میں پناہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دیتا ہوں تو پھر کیا ہوگا؟

UKBA پناہ حاصل کرنے کے لیے دی جانے والی درخواستوں کو مختلف طریقوں سے نمٹاتی ہے۔ پناہ حاصل کرنے کے لیے دی جانے والی بعض درخواستوں کو بہت جلدی نمٹایا جاتا ہے۔ UKBA یہ فیصلہ کرے گی کہ آپ کے پہلے انٹرویو، جسکو سکریننگ انٹرویو کہا جاتا ہے، کے بعد کس طرح آپ کی درخواست کو نمٹایا جائے۔ اگر آپ کو ضرورت ہوگی تو ترجمان فراہم کیا جائے گا۔ اگر آپ ترجیح دیں تو آپ مرد یا خاتون ترجمان کے لیے درخواست کر سکتے ہیں۔

سکریننگ انٹرویو میں کیا ہوتا ہے؟

اس انٹرویو کا مقصد UKBA کا آپ سے آپ کی صحت اور ذاتی معلومات سے متعلقہ بنیادی سوالات کرنا ہے، کہ آپ کیسے UK پہنچے اور اگر آپ نے کسی غیر قانونی سرگرمیوں میں حصہ لیا ہوتو ان کی تفصیلات۔وہ آپ سے برطانیہ آنےکی وجوہات اور اپنے آبائی وطن نہ جاسکنے کی وجوہات سے متعلقہ سوالات کریں گے مگر وہ آپ کے پناہ حاصل کرنے کی درخواست سے متعلقہ تفصیلی سوالات نہیں پوچھیں گے۔زیادہ تر معلومات جو آپ نے اپنے سکریننگ انٹرویو کے دوران جمع کروائی تھی، وہ دوبارہ آئسلم انٹرویو کے دوران پوچھی جا سکتی ہے اور اگر معلومات میں تضاد ہو تو آپ سے وضاحت کرنے کی امید کی جائے گی۔

ذاتی تفصیلات اور دستاویزات

کوئی بھی ایسے افراد جو آپ کے تابع ہیں، مثلاًآپ کا/کی شریک حیات یا بچے آپ کے ساتھ انٹرویو میں جائیں گے تاکہ ان کی تفصیلات بھی آپ کی درخواست میں شامل کی جاسکے۔انٹرویو میں کافی دیر لگ سکتی ہے اس لئے اگر ممکن ہو تو آپ کو اپنے ساتھ کھانے پینے کی اشیاء لانی چاہیں۔

UKBA دیکھے گی کے آیا آپ کے پاس اصل قانونی دستاویز ، آپ کی نام اور قومیت کے ساتھ، جن موجود ہیں یا نہیں جنھیں آپ نے برطانیہ میں داخل ہونے کے لئے استعمال کیا تھا۔ وہ پاسپورٹ یا شناختی دستاویز ہو سکتی ہیں۔اگر آپ کے پاس کوئی شناختی دستاویز نہیں ہے تو آپ کو جتنی تفصیل کے ساتھ ممکن ہو بتانا چاہیئے کے آپ کے پاس کیوں نہیں ہے۔

سکسکریننگ انٹرویو کے دوران UKBA آپ کی انگلیوں کے نشانات لے گی اور آپ کا ایک فوٹو لیا جائے گا جو آپ کی درخواست کے رجسٹریشن کارڈ (Application Registration Card - ARC) پر لگا دیا جائے گا۔عموماً آپکے خاندان کے تمام افراد کو یہ کارڈ جاری کیا جاتا ہے۔ اس کارڈ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ پناہ تلاش کرنے والے فرد ہیں ۔اگر آپ پناہ کے متلاشی ہیں اور آپ نے مالی معاونت کی درخواست دی ہوئی ہے تو آپ ہفتہ وار بنیادو ں پر اس کارڈ کوپیسے لینے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں ۔ بعض صورتوں میں UKBA آپ کو ARC نہیں دے سکے گی۔ اس کے بجائے آپ کو ایک معیاری رسیدی خط (Standard Acknowledgment Letter – SAL) دیا جائے گا جو آپ کے پناہ حاصل کرنے کے کلیم کی وصولی کی رسید ہے۔

پناہ تلاش کرنے والے زیادہ تر افراد کو ایک خط IS96 دیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس دوران ہوم آفس آپ کی پناہ حاصل کرنے کے لیے دی جانے والی درخواست کا فیصلہ کر رہا ہےآپ کو برطانیہ میں عارضی طور پر داخلے کی اجازت دی گئی ہے اور آپ سے یہ توقع کی جائے گی کہ آپ اس عرصے میں باقاعدگی کے ساتھ رپورٹنگ سینٹر میں رپورٹ کیا کریں۔

آپ کس ملک سے آئے ہیں

سکرینگ انٹریو میں اتھارٹیز یہ فیصلہ کریں گی کہ آیا کوئی دوسرا ملک، لیکن برطانیہ نہیں، آپ کی پناہ حاصل کرنے کے لیے دی جانے والی درخواست پر غور کرنے کا ذمہ دار ہو سکتا ہے۔ مثلاً ایسا ہوسکتا ہے کہ آپ نے کسی دوسرے ملک میں سے سفر کیا ہو جس کے متعلق UKBA خیال کرتی ہے کہ آپ وہاں پناہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتے تھے۔

کیا آپ کی درخواست کو جلدی نمٹایا جا سکتا ہے؟

اگر اتھارٹیز یہ فیصلہ کرتی ہیں کہ وہ آپ کی درخواست کوجلدی نمٹا سکتی ہیں تو پھر آپ کی درخواست کو فیصلے کے تیز عمل میں سے گزارا جا سکتا ہے۔ اگر ایسی صورت حال ہوتی ہے تو اتھارٹیز آپ کو ہرمانڈزر ورتھ ریمول سنٹر (Harmondsworth Removal Centre) (اگر آپ مرد ہیں) یا یارلز ووڈ ریمول سنٹر (Yarl’s Wood Removal Center) (اگر آپ کوئی عورت ہیں) میں اس وقت تک منتقل کر سکتی ہیں جب تک کہ آپ کے پناہ حاصل کرنے کے کیس کا مکمل طور پر فیصلہ نہیں ہوجاتا۔ اگر آپ کو ان سنٹروں میں سے کسی ایک میں حراست میں رکھا گیا ہے تو پھر آپ کو ایک قانونی نمائندہ فراہم کیا جانا چاہئے لیکن آپ کی پناہ حاصل کرنے کے لیے دی جانے والی درخواست کا بہت جلدی فیصلہ کیا جائے گا۔ تاہم، پناہ تلاش کرنے والے ان تمام افراد کو حراست میں نہیں رکھا جاتا جن کے کیسوں کا بہت جلد فیصلہ کیا جاتا ہے۔ کئی افراد جیسے کے حاملہ خواتین، معذور لوگ، بری طرح سے ذہنی طور پر متاثرہ ، تشدد یااغواءکا شکاراشخاص یا بچے فوری فیصلے کے طریقہ کار کے لئے موزوں تصور نہیں کئے جاتے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کے یہ آپ پر لاگو ہوتا ہے تو اپنے قانونی مشیر سے رابطہ کریں۔

کیا آپ نے ممکنہ طور پر جلد از جلد پناہ حاصل کرنے کے لئے درخواست دی ہے؟

UKBA یہ چیک کرے گی کہ آیا آپ نے برطانیہ آنے کے بعد ممکنہ طور پر جلد از جلد پناہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دی ہے۔ اگر جواب "نہیں" میں ہے تو ہو سکتا ہے آپ کو رہائش اور/یا روز مرہ اخراجات کے لیے حکومت کی جانب سے مدد نہ دی جائے۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ آپ کس طرح پناہ تلاش کرنے والے افراد کو دی جانے والی مدد لینے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں ویب سائٹ: http://languages.refugeecouncil.org.uk پر 'Applying for asylum support' (اسائلم سپورٹ کے لیے درخواست دینا) نامی لیفلیٹ دیکھیں۔

اس کے علاوہ سکریننگ انٹرویو میں مندرجہ ذیل کے پیش آنے کا امکان ہے:

- آپ کو UKBA کے کسی آفیسر کا نام اور ٹیلی فون کی تفصیلات دی جائیں گی جس کیس کی ذمہ داری رکھنے والا (case owner) کہا جاتا ہے وہ آپ کے پناہ حاصل کرنے کے کلیم کے آغاز سے لے کے آخر تک آپ کے کلیم پر کاروائی کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔ کیس اونر آپ کا انٹرویو کرنے اور آپ کی درخواست پر فیصلہ کرنے کی ذمہ داری رکھتا ہے۔ کیس اونر آپ اور آپ کے نمائندوں کے لیے رابطے کا اہم ذریعہ ہے۔
- قانونی نمائندگی حاصل کرنے کے انتظامات مختلف بھی ہو سکتے ہیں۔ آپ کو رابطے کی تفصیلات اور قانونی نمائندے سے ملنے کی تاریخ کے متعلق بتایا جا سکتا ہے یا آپ کو رابطے کے لیے نمائندوں کی فہرست دی جا سکتی ہے۔
- آپ کو آپ کے سکریننگ انٹرویو کے نوٹس کی کاپی دی جانی چاہئے۔
- اتھارٹیز کو آپ کو بتانا چاہئے کہ آپ تعارفی سیشن (induction) کے لیے جائیں تاکہ آپ کو پناہ حاصل کرنے کے طریقے کے متعلق ایسی اہم معلومات فراہم کی جا سکیں جن کے متعلق آپ کو جاننے کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ آپ کو برطانیہ میں زندگی کے متعلق بتایا جا سکے۔

UKBA کو قانونی طور پر 15 دنوں کے اندر آپ کو ان سروسز (مثلاً مالی مدد اور رہائش) کے متعلق بتانا چاہئےجن کے آپ مستحق ہو سکتے ہیں۔ انہیں آپ کو ان غیر سرکاری تنظیموں کے متعلق بھی بتانا چاہئے کن کے ساتھ آپ مشورہ کر سکتے ہیں اور دیگر ایسی تنظیموں کی تفصیلات بھی فراہم کرنی چاہئیں جو قانونی مشورہ فراہم کرتی ہیں۔

پناہ حاصل کرنے کے لیے دی جانے والی درخواست کے انٹرویو میں کیا ہوتا ہے؟

سکریننگ کے انٹرویو کے بعد، UKBA آپ کو ایک لمبے انٹرویو میں آنے کے لیے کہیں گی تاکہ پناہ حاصل کرنے کے کلیم کی وجوہات کے متعلق آپ سے پوچھا جا سکے۔ انٹرویو سے پہلے کسی قانونی نمائندے سے ملنے کی کوشش کرنا اہم ہے۔ اگر ضرورت ہو تو آپ کو انٹرویو کے وقت ترجمان موجود ہونے کے لیے کہنا چاہئے۔ اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ آپ کا انٹرویو کوئی مرد یا عورت لے تو آپ اس کے لئے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

یہ بتانے کے لئے کہ آپ کیوں برطانیہ آئے اور کیا وجہ ہے کہ آپ واپس نہیں جا سکتے ،یہانٹرویو آپ کا سب سے اہم موقع ہے۔ آپ کووقت پناہ حاصل کرنے کے لیے دی جانے والی اپنی درخواست کے متعلق ممکنہ طور پر زیادہ سے زیادہ تفصیلات دینی چاہئیں۔ آپ کو ایسے اضافی ثبوت مثلاً طبی ریکارڈز یا اخبار کی رپورٹیں بھی پیش کرنا چاہئے جن میں بتایا گیا ہو کہ آپ کے ملک میں آپ کے ساتھ کیا پیش آیا۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ کی جانب سے فراہم کر دہ معلومات یا ثبوت اختلافی نہ ہوں بلکہ آپ کے کلیم کی تائید کرتے ہیں۔ آپ کو برطانیہ میں یا کسی دوسری جگہ موجود اپنے خاندان کی تفصیلات شامل کرنی چاہئیں تاکہ ان کی جانب سے یا آپ کی جانب سے آئندہ دی جانے والی درخواستیں متاثر نہ ہوں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کا قانونی نمائندہ آپ کے پناہ حاصل کرنے کے انٹرویو میں کے دوران موجود نہ ہو (قانونی مشورے کے متعلق مزید معلومات کے لئے صفحہ 5 دیکھیں)۔ اگر انٹرویو کے دوران کوئی نمائندہ موجود نہ ہو تو آپ ہوم آفس سے کہہ سکتے ہیں کہ اسے ٹیپ ریکارڈ کیا جائے۔ اگر آپ انٹرویو کو ٹیپ ریکارڈ کروانا چاہتے ہیں تو آپ کو 24 گھنٹے پہلے اس بارے میں ہوم آفس کو بتا دینا چاہیے ۔ اگر انٹرویو کے بعد آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ آپ کو متعلقہ معلومات بتانابھول گئے ہیں تو آپ کو ممکنہ طور پر جلد از جلد اپنے قانونی نمائندے کو بتانا چاہئے۔ قانونی نمائندے کے پاس اضافی معلومات پیش کرنے کے لئے صرف 5 دن ہوتے ہیں۔

حراست اور رپورٹنگ

UKBA کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ پناہ حاصل کرنے کے لئے دی جانے والی درخواست کے کسی بھی مرحلے پر پناہ تلاش کرنے والے بعض افراد کو حراست میں رکھے لیکن اس پر لازم ہے کے یہ ثابت کرے کہ ان افراد کو حراست میں رکھنا کیوں ضروری ہے۔ اگر ہوم آفس کے خیال میں پناہ حاصل کرنے کے لئے دی جانی والی درخواستوں پر جلدی فیصلہ کیا جاسکتا ہو یا اگر درخواست دینے والا فرد ان سے رابطہ برقرار رکھے گا تو اس طرح کے زیادہ تر لوگوں کو حراست میں رکھا جاتا ہے۔ اگر ہوم آفس آپ کو حراست میں رکھنے کا فیصلہ کرتا ہے تو اس پر لازم ہے کے تحریری طور پر آپ کو یہ بتائے گا کہ آپ کو حراست میں کیوں رکھا جا رہا ہے۔ آپ اس فیصلے کو چیلنج کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہئے تاکہ آپ اپنی رہائی کا معاملہ طے کرنے کی کوشش کر سکیں۔ ایک تنظیم جس کا نام بیل فار امیگریشن ڈیٹینیز (Bail for Immigration Detainees – BID) ہے یا وزیٹرز گروپس جو زیر حراست افراد سے ملاقات کرتے

ہیں آپ کو یہ معلومات دے سکتے ہیں کہ آپ اپنی رہائی کے لئے کس طرح بات چیت کر سکتے ہیں۔ براہ مہربانی BID کی ویب سائٹ دیکھیں :www.biduk.org یا ٹیلیفون نمبر 3590 7247 020 پر فون کریں۔

پناہ حاصل کرنے کے لئے درخواست دینے والے زیادہ تر افراد جن کو حراست میں نہ رکھا گیا ہو، سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ رپورٹنگ سنٹر میں باقاعدگی سے رپورٹ کریں۔ اگر آپ کو رپورٹ کرنے کے لئے 3 میل سے زیادہ سفر کرنا پڑتا ہے تو آپ اپنے سفر کے کرائے میں مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر میں کسی فیصلے کا انتظار کر رہا ہوں تو اس عرصے کے دوران کیا ہوگا؟

آپ کو ان تمام انٹرویوز پر لازمی جانا چاہیئے جن پر جانے کے لئے UKBA آپ کو کہے۔ آپ کو وہ تمام فارم بتائے گئے وقت کے اندر مکمل کر کے واپس بھیجنے چاہیئں جو اس کی طرف سے آپ کو دیئے جائیں۔ ایسا کرنے میں ناکامی کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ UKBA آپ کی پناہ حاصل کرنے کے لئے دی جانے والیدرخواست رد کر دے کیونکہ آپ نے ان کے تقاضوں کو پورا نہیں کیا۔ یہ بات اہم ہے کہ اگر اس دوران آپ کا پتہ تبدیل ہوجائے تو آپ UKBA کو اطلاع کر دیں۔ آپ خود بھی ایسا کر سکتے ہیں یا اپنے قانونی نمائندے کو اپنی جانب سے ایسا کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

اگر میرے کیس کو رد کر دیا جاتا ہے تو پھر کیا ہوگا؟

پناہ حاصل کرنے کے لئے دی جانے والی زیادہ تر درخواستوں کو رد کر دیا جاتا ہے لیکن ان درخواستوں میں سے بعض اپیل پر کامیاب ہوجاتی ہیں۔ اگر UKBA آپ کی پناہ حاصل کرنے کے لئے دی جانے والی درخواست رد کر دے تو آپ اس کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں اگرچہ پناہ تلاش کرنے والے بعض افرد صرف اس وقت اپیل کر سکتے ہیں جب وہ برطانیہ سے جا سکتے ہوں۔ اگر اس بارے میں کوئی دیگر وجوہات موجود ہیں کہ آپ کو قیام کی اجازت کیوں دی جائے مثلاً اگر آپ کو برطانیہ سے چلے جانے پر مجبور کیا جاتا ہے تو اس سے آپ کے انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہوگی تو یہ باتیں آپ کی اپیل میں درج ہونی چاہئیں۔ یہ بات اہم ہے کہ آپ اپیل دائر کرنے میں مدد کے لئے فوری طور پر اپنے قانونی نمائندے سے رابطہ کریں کیونکہ آپ کو ایک مقررہ مدت کے اندر اندر ایسا کرنا چاہئے جس پر سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کی اپیل کو نامنظور کیا جاتا ہے تو UKBA آپ سے توقع کرے گی کہ آپ اس ملک سے چلے جائیں۔ اگر آپ رضاکارانہ طور پر نہیں جاتے تو ہوم آفس آپ کو زبردستی بھیجنے کی کوشش کر سکتا ہے۔

مزید وجوہات پیش کرنا

اگر آپ کی اپیل رد کر دی گئی ہے اور آپ کو اپیل کے مزید حقوق حاصل نہیں ہیں تو آپ نئی یا مزید وجوہات پیش کر سکتے ہیں کہ آپ کو برطانیہ میں رہنے کی اجازت کیو دی جانی چاہیئے۔ اس کو 'مزید وجوہات پیش کرنا کہا جاتا ہے' یہ ضروری ہے کہ آپ قانونی مشورہ حاصل کریں۔ مزید وجوہات عموماً صرف ذاتی طور پر ہی پیش کی جاسکتی ہیں۔

اگر آپ نے پہلی دفعہ پناہ کی درخواست 5 مارچ 2007 سے پہلے دی تھی اور آپ کے کیس پر غور کیا گیا ہے لیکن حتمی نتیجہ نہیں نکالا گیا،تو ملاقات کے ذریعےمزید وجوہات پیش کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو مزید درخواستیں لیور پول میں مزید درخواستیں دائر کرنے کے یونٹ (Liverpool Further Submissions Unit - FSU) میں وقت لے کر اور ذاتی طور پر پیش ہو کر اپنی مزید درخواستیں جمع کروانا پڑیں گی۔ یہ لازم ہے کہ آپ 2411 213 0151 پر فون کر کےاپائنٹمنٹ بنوائیں۔ اگر آپ اپائنٹمنٹ کے بغیر FSU میں آتے ہیں تو آپ کو واپس لوٹا دیا جائے گا۔ اگر آپ کو ترجمان کی ضرورت ہو تو اپائنٹمنٹ لینے کے وقت آپ کو اس کے متعلق بتانے کی ضرورت ہو گی۔

اگر آپ نے 5 مارچ 2007 کو یا اس کے بعد پناہ کی درخواستدی تھیتو آپ کو اپنے علاقہ میں موجود کسی باقاعدہ رپورٹنگ کے مرکز پر مزید درخواستیں جمع کرانی ہوں گی۔

بعض پناہ گزین جو خصوصی حالات کی شرائط پر ہورا اترتے ہیں وہ ذاتی طور پر پیش ہونے کی بجائے بذریعہ ڈاک مزید وجوہات بھیج سکتے ہیں۔ یہ جاننے کیلئے کہ آیا آپ اس درجہ میں ہیں، اپنی مقامی قریب ترین پناہ گزین ایجنسی سے رابطہ کریں۔

پناہ حاصل کرنے کیلئے دی جانے والی درخواست پر کاروائی کا طریقہِ کار

اس خاکے میں پناہ حاصل کرنے کیلئے دی جانے والی درخواست پر کی جانے والی کاروائی کا وہ عام طریقہ کار دکھایا گیا ہے جس پر عمل کیا جائے گا۔ آپ کیلئے کسی مختلف طریقہِ کار پر عمل کیا جا سکتا ہے۔ براہِ مہربانی کسی ایڈوائس ورکر یا قانونی نمائندے سے اپنے کیس کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں۔



قانونی مشورہ

اگر آپکیپناہ حاصل کرنے کے لئے دی جانے والی درخواست رد کر دی گئی ہے اور آپ اپیل کرنا چاہتے ہیں مگر آپ قانونیمدد پر انحصار کرتے ہیں تو قانونی نمائندہ آپ کا کیس لینے سے انکار کر سکتا ہےاگر وہ خیال کرتا ہے/کرتی ہے کہ آپ کے اپیل جیتنے کا کوئی معقول امکان نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے اور آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ آپ کا کیس مضبوط ہے تو آپ اپنے قانونی نمائندے کے فیصلے کے خلاف لیگل سروسز کمیشن (Legal Services Commission) کو اپیل کر کے چیلنج کر سکتے ہیں۔

اگر آپکیپناہ حاصل کرنے کے لئے دی جانے والی درخواست رد کر دی گئی ہے اور آپ اپیل کرنا چاہتے ہیں تو قانونی نمائندہ آپ کا کیس لینے سے انکار کر سکتا ہےاگر وہ خیال کرتا ہے/کرتی ہے کہ آپ کے اپیل جیتنے کا کوئی معقول امکان نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے اور آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ آپ کا کیس مضبوط ہے تو آپ اپنے قانونی نمائندے کے فیصلے کے خلاف لیگل سروسز کمیشن (Legal Services Commission) کو اپیل کر کے چیلنج کر سکتے ہیں۔ آپ کے قانونی نمائندے کو لازمی طور پر آپ کو اپیل فارم دینا چاہیئے اور اس کو پیش کرنے کے متعلق معلومات فراہم کرنی چاہیئے۔ اگر آپ سکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں تو اس کے لئے مختلف قانونی انتظامات موجود ہیں۔ سکاٹش ریفیوجی کونسل (Scottish Refugee Council) آپ کو مشورہ دے سکتی ہے۔

برطانیہ کے بعض حصوں میں صرف محدود تعداد میں ہی قانونی نمائندے موجود ہیں جو پناہ گزینی سے متعلقہ کام کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو قانونی نمائندے سے ملنے کے لئے کسی دوسرے علاقے میں سفر کرنا پڑ سکتا ہے۔ اگر

آپ اسائلم سپورٹ یعنی پناہ تلاش کرنے والے افراد کو دی جانے والی مدد لے رہے ہیں اور آپ کے علاقے میں کوئی قانونی نمائندہ نہیں ہے تو ہوسکتا ہے کہ آپ کاقانونی نمائندہ اپنے پاس آنے کے لئے آپ کے سفر کے اخراجات ادا کر سکے۔

اگر آپ اپنے پناہ حاصل کرنے کے ابتدائی کلیم کے بعد کسی دوسرے علاقے میں منتقل ہو گئے ہیں تو پھر آپ کو مقامی علاقے میں کام کرنے والے کسی قانونی نمائندے کو تلاش کرنا چاہیئے کیونکہ آپ کے لئے اپائنٹمنٹوں پر جانا مشکل ہو سکتا ہے۔

یہ بات اہم ہے کہ آپ اچھا معیاری مشورہ حاصل کریں۔ آپ کے قانونی نمائندے کا کسی ایسی تنظیم سے تعلق ہونا چاہیئے جس کا امیگریشن کے قانون میں لیگل سروسز کمیشن (LSC) کے ساتھ معاہدہ ہو یا کوئی ایسا ایڈوائزر ہو جو آفس آف دی امیگریشن سروسز کمشنر (Office of the Immigration Services Commissioner - OISC) کے ساتھ رجسٹرڈہو۔

ان تنظیموں کے پاس ان لوگوز یعنی ادارے کے شناختی نشانات میں سے کوئی ایک یا دونوں لگے ہونے چاہیں۔

آپOISC سے ان منظور شدہ تنظیموں کی فہرست کے لئے رابطہ کر سکتے ہیں جو اسائلم یعنی پناہ کے قانون کے متعلق مشورہ دیتی ہیں۔ 0845 000 0046 پر فون کریں یا ویب سائٹ http://www.oisc.gov.uk دیکھیں۔

انگلینڈ اور ویلز میں قانونی مشورہ

کمیونٹی لیگل ایڈوائس (Community Legal Advice) انگلینڈ اور ویلز میں قانونی نمائندوں کی ایک ڈائریکٹری شائع کرتی ہے:
0845 345 4345 پر فون کریں یا ویب سائٹ http://www.communitylegaladvice.org.uk دیکھیں۔

سکاٹ لینڈ میں قانونی مشورہ

لاء سوسائٹی آف سکاٹ لینڈ (Law Society of Scotland)، سکاٹ لینڈ میں قانونی نمائندوں کی ایک ڈائریکٹری شائع کرتی ہے: 0131 226 7411 پر فون کریں یا ویب سائٹ: http://www.lawscot.org.uk دیکھیں۔

نادرن آئرلینڈ میں قانونی مشورہ

ناردرن آئرلینڈ لیگل سروسز کمیشن (Northern Ireland Legal Services Commission) قانونی نمائندوں کی ایک ڈائریکٹری شائع کرتی ہے ویب سائٹ http://www.nilsc.org.uk دیکھیں۔

قانونی نمائندہ تلاش کرنے کے لیے دیگر ذرائع

اسائلم ایڈ (Asylum Aid) www.asylumaid.org.uk
ایڈوائس لائن: 020 7354 9264 منگل دوپہر 1 بجےتاشام 4 بجے، جمعرات : صبح10 بجے تا دوپہر 12.30 بجے

امیگریشن لاء پریکٹیشنرز ایسوسی ایشن (Immigration Law Practitioners Association)
http://www.ilpa.org.uk

لاء سنٹرز فیڈریشن (Law Centres Federation) http://www.lawcentres.org.uk

کیا آپ اپنے قانونی نمائندے سے ناخوش ہیں؟

اگر آپ اپنے قانونی نمائندے سے ناخوش ہیں اور یہ خیال کرتے ہیں کہ انہوں نے آپ کی خراب نمائندگی کی ہے تو آپ امیگریشن سروسز کمشنر کے دفتر شکایت کر سکتے ہیں۔
0845 000 0046 پر فون کریں یا ان کی ویب سائٹ www.oisc.org.uk پر جائیں۔

اس لیفلیٹ میں دی گئیں معلومات قانون کی مکمل وضاحت نہیں ہے لیکن صرف رہنمائی ہے۔ تفصیلی مشورے کے لیے برائے مہربانی قانونی مشورہ حاصل کریں۔

Asylum Support Partnership consists of:
North of England Refugee Service, charity number: 1091200 www.refugee.org.uk
Refugee Action, charity number: 283660 www.refugee-action.org.uk
Refugee Council, charity number: 1014576 www.refugeecouncil.org.uk
Scottish Refugee Council, charity number: SC008639 www.scottishrefugeecouncil.org.uk
Welsh Refugee Council, charity number: 1102449 www.welshrefugeecouncil.org